**سٹی آف نیو یارک اور اس کے پارٹنرز فلیش فلڈ ایمرجنسی کے بعد نیو یارک کے ہر باشندے کو درکار مدد انہیں موصول ہونے کو یقینی بنا رہے ہیں۔**

**نیو یارک کے باشندے اضافی معلومات کے لیے NYC.gov/ida کو ملاحظہ کر سکتے ہیں یا 311 پر (212-639-9675 ویڈیو ریلے سروس کے لیے، یا TTY: 212-504-4115) پر کال کر سکتے ہیں۔**

**سروس سنٹرز**

سروس سنٹرز تمام پانچوں بروز میں کھلے ہوئے ہیں۔ وہ روزانہ کھلتے ہیں۔ مقامات سے متعلق معلومات NYC.gov/ida کو ملاحظہ کر کے یا 311 پر کال کر کے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ نیو یارک کے جن باشندوں کے پاس نقل و حمل کا دیگر اختیار نہیں ہے ان کے لیے 311 پر کال کر کے سنٹرز تک جانے کے لیے نقل و حمل میں اعانت دستیاب ہے۔ خدمات تمام ملاقاتیوں کے لیے دستیاب ہوں گی۔ سائٹ پر آنے والے ملاقاتیوں سے ان کے ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

**نیو یارک کے باشندے اب وفاقی ہنگامی مینیجمنٹ ایجنسی (Federal Emergency Management Agency, FEMA) سے تباہی سے متعلق اعانت حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں نقصان کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔**

FEMA متاثرہ مکان مالکوں اور کرایہ داروں کو درج ذیل راحت فراہم کر سکتی ہے۔ درخواستیں ابھی کھلی ہیں۔
نوٹ: FEMA دوسرے مآخذ سے موصولہ مراعات کا ڈپلیکیٹ نہیں کرے گی۔
(TTY: 1-800-462-7585) 1-800-621-3362 پر کال کریں یا www.disasterassistance.gov ملاحظہ کریں۔ اگر گھرانے میں کوئی بھی فرد شہری، غیر شہری باشندہ، یا اہل قرار یافتہ پردیسی ہے تو دستیاب ہے۔

- *رہائشی امداد:* رہائشی امداد کا استعمال گھر کی مرمت، وغیرہ کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ نیو یارک کے باشندوں پر نقصان کو ضبط تحریر میں لانا، رجسٹر کرنا، اور FEMA سے معائنہ کروانا لازم ہے۔ $36,000 تک کی گرانٹ فراہم کی جا سکتی ہے۔
- *کرایے میں اعانت:* دو (2) ماہ تک کے کرایے/دوسری جگہ بسنے کی لاگتوں کی باز ادائیگی۔ دوبارہ تصدیق کے ساتھ مسلسل کرایے میں اعانت دستیاب ہو سکتی ہے۔
- *دیگر ضروریات:* بیمہ کے ذریعے غیر احاطہ شدہ اخراجات اور سنگین ضروریات (جیسے، کار، طبی ساز و سامان) کے لیے $36,000 تک کی مالی اعانت دستیاب ہو سکتی ہے۔

**NYC محکمہ برائے ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (Department of Housing Preservation & Development, HPD)**

NYC محکمہ برائے ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ نے NYC.gov/hpd کو ملاحظہ کرنے یا 311 پر کال کرنے پر اس طوفان سے متاثر ہونے والے مکان مالکوں کے لیے وسائل کی ایک فہرست مجتمع کی ہے۔ کال کنندگان سے ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

**پمپنگ**

سٹی ہذا حسب ضرورت کسی مکان مالک کے تہ خانوں میں پمپ لگانے میں اعانت کرے گی۔ نیو یارک کے باشندے مزید معلومات کے لیے سروس سنٹر پر جا سکتے یا 311 پر کال کر سکتے ہیں۔ کال کنندگان سے ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

مزید معلومات اور طوفان کے بعد وسائل کے لیے، **NYC.gov/ida** ملاحظہ کریں یا **311** پر (212-639-9675 ویڈیو ریلے سروس کے لیے، یا TTY: 212-504-4115) پر کال کریں۔

**پرمٹس اور مرمتوں کے لیے فیس کی رعایت**
مکان مالکان یا چھوٹے موٹے کاروبار کے مالکان جو طوفان سے ہونے والی تباہی سے تعلق رکھنے والے انہدام، تعمیر یا مرمت کی خاطر پرمٹس کے لیے درخواست دے رہے ہیں ان کی فیس محکمۂ تعمیرات (Department of Buildings, DOB) کے ذریعے یا محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department for Environmental Protection, DEP) کے اسبیسٹس کے اخراج کے مدنظر معاف کر دی جائے گی۔ یہ وسائل اب پرمٹس کے لیے انفرادی فائل کے بطور دستیاب ہیں۔

**امریکن ریڈ کراس (American Red Cross, ARC) کی جانب سے اعانت**
اگر گھر ناقابل سکونت ہوں تو مکان مالکوں/کرایہ داروں کے لیے عارضی پناہ گاہیں**(ہوٹل) دستیاب ہیں**۔ ہوٹل میں قیام مالکوں کے لیے دو (2) ہفتے، اور کرایہ داروں کے لیے تین (3) ہفتے تک کے لیے دستیاب ہے۔ ARC ان گھرانوں کو $515 تک فراہم کر سکتا ہے جن کے گھروں کے تباہ ہو جانے کی یا ہریکین ایڈا کے آثار کی وجہ سے سیلاب زدگی کے سبب بڑا نقصان پہنچنے کی تصدیق ہو گئی تھی۔ اضافی باز بحالی کی خدمات، جیسے ریفرلز، صفائی والی کٹس، اور جذباتی تعاون دستیاب ہو سکتی ہیں۔ کال کنندگان سے ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔ 1-877-733-2767 پر کال کریں۔

**تارکین وطن اور بلا دستاویز نیو یارک کے باشندوں کے لیے وسائل**
اگر ترک وطن یا سٹی کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو آپ کی زبان میں مدد دستیاب ہے۔ میئر کے دفتر برائے امور تارکین وطن (Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA) کی ہاٹ لائن کو 212-788-7654 پر پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح سے 5 بجے شام تک کال کریں، NYC.gov/immigrants ملاحظہ کریں یا askmoia@cityhall.nyc.gov پر ای میل کریں۔

**اسمال بزنس ایڈمنسٹریشن (Small Business Administration, SBA) سے لون**
مکان مالکوں/چھوٹے موٹے کاروباروں کے لیے کم سود والے لون دستیاب ہیں۔ نیو یارک کے باشندوں کو گھر کی مرمت کے لیے $200,000 تک، ذاتی پراپرٹی بدلنے کے لیے $40,000 تک، یا چھوٹے موٹے کاروبار کی ری آؤٹ فٹنگ مشینری، فرنیچر وغیرہ کے لیے $2 ملین تک موصول ہو سکتا ہے۔ اگر گھرانے میں کوئی بھی فرد شہری، غیر شہری باشندہ، یا اہل قرار یافتہ پردیسی ہے تو دستیاب ہے۔

**کاروبار میں اعانت**
NYC محکمہ برائے چھوٹے موٹے کاروبار سے متعلق خدمات (Small Business Services, SBS) کاروبار کے مالکوں کا تعاون کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے NYC.gov/sbs ملاحظہ کریں یا 888-SBS-4NYC (888-727-4692) پر کال کریں۔ کال کنندگان سے ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

**نجی سیلاب بیمہ**
اگر آپ کا گھر کرایے کا ہے تو کرایہ دہندہ کا بیمہ آپ کے اپارٹمنٹ کے اندر موجود آئٹمز کا بیمہ فراہم کر سکتا ہے۔ اگر گھر آپ کا اپنا ہے تو یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے گھر کا درست بیمہ ہوا ہے — بنیادی پالیسی میں سیلاب اور ہوائی طوفان کے نقصان کا احاطہ نہیں کیا جاتا ہے۔ نجی سیلاب بیمہ والے نیو یارک کے باشندوں کو اعانت کے لیے اپنے بیمہ فراہم کنندگان سے رابطہ کرنا چاہیے۔

**پھپھوند کی صفائی اور روک تھام کرنا**
پھپھوند کی افزائش کی روک تھام پر مزید معلومات کے لیے محکمۂ صحت (Department of Health, DOH) کی ویب سائٹ (NYC.gov/health) ملاحظہ کریں۔

مزید معلومات اور طوفان کے بعد وسائل کے لیے، **NYC.gov/ida** ملاحظہ کریں یا **311** پر (212-639-9675) ویڈیو ریلے سروس کے لیے، یا (TTY: 212-504-4115 پر کال کریں۔

UR